# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ہماری دلچسپی کا ایک تحفہ جناب علامہ محمد ہادی بخش صدیقی صاحب کے فتاوی صدیقیہ کا ہے۔اردو زبان میں شائع ہونے والے فتاوی میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔جن استفسارات کے جوابات اس مجموعہ فتاوی میں درج ہیں وہ عموماً وہی ہیں جو دور حاضر کے دیگر فتاوی میں ہیں ان میں بعض سوالات مسلکی نوعیت کے ہیں اور بعض عقائد سے متعلق ہیں، مثلاً غیر مقلدین کے پندرہ سوالات کے جوابات، علم غیب اور اعلی حضرت، کیا نبی یا ولی من دون اللہ میں داخل ہیں، وہابیوں کی پہچان کیا ہے؟ اذان کے وقت صلوۃ وسلام کا مسئلہ، وہابیوں کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا؟ تبلیغیوں کا مسجد میں کہنا نام لکھواؤ، یا علی کا نعرہ لگانا کیسا؟، حق پیر مٹھا کہنا جائز ہے یا ناجائز، کامل پیر کے صاحبزادوں کے ہاتھ چومنا، کیا ڈن والے پیر حق پر ہیں؟......

علاوہ ازیں فقہی نوعیت کے مسائل جن کی تعداد خاصی ہے، نہایت آسان زبان میں بیان کردئے گئے ہیں۔چونکہ حضرت علامہ ہادی بخش صاحب کی خانقاہ دیہاتی علاقے میں ہے اور سائلین کا زیادہ تر تعلق ریف سے ہے اس لئے سوالات کی نوعیت بھی ریفی ہے۔مثلاً چھپکلی پانی میں مرگئی کیا کریں؟ بلی پانی میں مرگئی تو نمازوں کا حکم؟، داڑھی منڈانے والے یا پینٹ شرٹ پہننے والے کی امامت کا حکم؟، مردے کو کس طرح فاتحہ دیں۔دودھ والی گائے کرایہ پر دینا وغیرہ.........

ایسے دور افتادہ علاقے میں جہاں زندگی آسان نہیں دشواریوں سے عبارت ہے، مولانا علم کی جوت جگائے ہوئے ہیں اور سائلین کی موثر ومدلل جوابات سے تشفی فرماتے ہیں۔اوران کی دینی رہنمائی کا فریضۂ ہامہ انجام دے رہے ہیں ایسے علاقے سے کسی فتاوی کا شائع ہونا وہاں کے لوگوں کے لئے

بطور خاص نعمت ہے......اور حضرت کا کارنامہ ہے۔

فتاوی میں ۳۲۷ یا کم وبیش استفسارات کے جوابات ہیں ،جن میں بعض ایک بہت اہم ہیں ......مثلاً مردہ کا گردہ لینا کیسا ہے ؟بجلی مفت استعمال کرنا کیسا ہے ؟ سیاہ خضاب کا شرعی حکم ، عورت کی زینت کے شرعی مسائل ،عزل واسقاطِ حمل کے شرعی مسائل ،انسان یا جانور کو ٹیکہ کے ذریعہ نطفہ ڈالنا کیسا ہے ؟ سی آئی ڈی کی نوکری کرنا کیسا ہے ؟ میراث وتقسیم ترکہ کے مسائل ،قسطوں پر گاڑی خریدنا کیسا ہے؟ بیع ادھار نفع بسیار ،عشر زمیندار پر ہے یا کاشتکار پر..........وغیرہ

غرضیکہ آٹھ سو سے زاید صفحات پر مشتمل فتاوی صدیقیہ کی جلد اول انواع واقسام کے فتاوی ومسائل کو محیط ہے ۔یقیناً اس پر بڑی محنت ہوئی ہوگی ۔فتاوی حاصل کرنے کا پتہ درج ذیل ہے :......جامعہ صدیقیہ خانقاہ رحیم آباد نزد شیخ ابراہیم گوٹھ ساکران روڈ ،تحصیل حب ضلع لسبیلہ......ہدیہ درج نہیں ......رابطہ نمبر 0300-3663665

امریکہ سے مجلّہ فقہ اسلامی سے محبت رکھنے والے بزرگ علامہ مفتی قمر الحسن قمر بستوی صاحب نے حسب ذیل تحائف ارسال فرمائے ہیں......

یاایہاالمزمل (امریکہ میں لکھی گئی نعتوں کا پہلا مجموعہ)

یاایہاالمدثر (امریکہ میں لکھی گئی نعتوں کا دوسرا مجموعہ)

یاایہاالنبی (امریکہ میں لکھی گئی نعتوں کا تیسرا مجموعہ)

بستوی صاحب کے نعتوں کے تینوں مجموعے بڑے ہی خوبصورت شائع ہوئے ہیں، کاغذ دبیز ونفیس ہے نیز ان میں درج نعتیہ کلام زبان وبیان کے اعتبار سے بڑا وقیع ہے ۔رضوی کتاب گھر دہلی سے شائع ہونے والے یہ تینوں مجموعے یا تو امریکہ سے مل سکتے ہیں یا ہندوستان سے ۔ملنے کے پتے درج ذیل ہیں......

رضوی کتاب گھر ۴۲۵۔مٹیا محل ،جامع مسجد دہلی ٦

النور سوسائٹی آف گریٹر ہوسٹن ، 6443 پریسٹ ووڈ ٹیکساس 77081 امریکہ

جناب مفتی قمر بستوی صاحب کی دیگر کتب جو ہمیں موصول ہوئی ہیں وہ ہیں :......

عیدالاضحیٰ کب منائی جائے ؟......العقیدۃ الطحاویۃ (ترجمہ ازقمر بستوی صاحب)......العقیدۃ النسفیۃ (ترجمہ ازقمر بستوی صاحب)......افضلیت مصطفیٰ ......تجلیات مفتیء اعظم ہند......افکار

رضا...... جاگتے ہوئے دیدار رسول...... الفقہ الاکبر (اردو ترجمہ از قمر بستوی صاحب)

مندرجہ بالا کتب ورسائل کتاب خانہ امجدیہ دہلی اور رضوی کتاب گھر سے شائع ہوئے ہیں۔اور یہ بھی مندرجہ بالا پتہ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

ایک اور تحفہ جناب مبشر حسین صاحب کی کتاب ......احادیث احکام اور فقہائے عراق ......کا ہے۔جسے ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد نے شائع کیا ہے۔یہ ایک تحقیقی جائزہ ہے، جس کے ابواب حسب ذیل ہیں......

عراقی مکتب فکر...... آغاز وارتقاء

فقہی مدارس کا نشو وارتقاء

عراقی کوفی مدرسہ کا نشو ارتقاء

امام ابوحنیفہ اور صاحبین

احادیث احکام اور عراق

صاحبین کی تحریروں میں احکامی احادیث

عراقی مکتبِ فکر اور نقدِ روایات، چند اہم اصولوں کا جائزہ

خبر واحد کے چند عراقی اصول

خبر واحد کے قبول واثبات کے اصول وضابطے،خبر واحد اور قیاس کا باہمی تعارض اور فقہائے عراق،......

زیر نظر کتاب میں بنیادی طور پر اس بات کو موضوع مطالعہ بنایا گیا ہے کہ عراقی/حنفی فقہاء کے فقہی مباحث میں حدیث وسنت کو کیا اہمیت اور مقام ومرتبہ حاصل رہا ہے۔اور حدیث وسنت کی تصحیح وتضعیف کے سلسلہ میں ان کے پیش نظر کیا اصول وضوابط کارفرما رہتے تھے۔اور یہ کہ حنفی مکتب فکر کی بنیادوں میں احکامی احادیث کا کس حد تک ذخیرہ موجود ہے۔کتاب کے فاضل مصنف نے بڑی عرق ریزی سے متعلقہ مواد کا تنقیدی مطالعہ کیا ہے اور تجزیہ کرکے نتائج تحقیق کی صورت میں پیش کردئے ہیں۔فاضل مصنف وفاق المدارس السّلفیہ سے الشہادہ العالیہ حاصل کرچکے ہیں۔اور اس مقالہ پر پنجاب یونیورسٹی سے انہوں نے پی ایچ ڈی کیا......

کتاب تین سو صفحات پر مشتمل ہے اور ادارہ تحقیقات اسلامی ، بین الاقوامی اسلامی

یونیورسٹی اسلام آباد سے طلب کی جاسکتی ہے۔ہدیہ درج نہیں۔

ایک اور کتاب کا تحفہ پورب اکادمی اسلام آباد سے آیا ہے، کتاب کا نام ......اصول تحقیق...... ہے اوراس میں جدید ریسرچ کے اصول وضوابط بیان کئے گئے ہیں ......کتاب کے درج ذیل مباحث قابل توجہ ہیں......

ریسرچ کی غرض، تحقیقی مقالہ کی امتیازی خصوصیات ، علمی تحقیقات معلومات کے انبار کا نام نہیں ، میدان تحقیق میں قدم رکھنے والوں کے لئے کچھ مشورے، علمی تحقیق کی حدود، مصدر اور مرجع کا فرق، فرہنگ کتابیات ،بعض اہم اسلامی مصادر، تحقیق کے فنی پہلو ، مقالے کی ترتیب و تنظیم، علمی مجلّات کے لئے مقالات کیسے لکھے جائیں..........

ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلبہ نیز مدارس دینیہ کے الشہادہ العالمیہ کا امتحان دینے والے طلبہ کو اس وقت رہنمائی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جب انہیں کسی عنوان پر تحقیقی مقالہ لکھنا ہوتا ہے ......زیر نظر کتاب ایسے طلبہ کے لئے مفید ہے۔ڈاکٹر ظفرالاسلام صاحب کی یہ کتاب ۱۹۲ صفحات پر مشتمل ہے اور اسے درج ذیل پتہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے ...... پورب اکادمی ، ایوان علم پلازہ دوسری منزل اردو بازار لاہور۔(قیمت ۳۲۵ روپے)

کراچی سے کسی مخلص نے تین رسائل کا تحفہ بھیجا ہے جن میں سے ایک تو مجلّہ رفیقِ علم ہے جو بزمِ امجدی رضوی دارالعلوم امجدیہ سے شائع ہوتا ہے۔اس مجلّہ سے ہماری شناسائی اس وقت سے ہے جب حضرت علامہ محمد حسن حقانی کی زیرِ قیادت یہ مجلّہ شائع ہوتا تھااور ہمارے ایک محترم دوست علامہ محمد رفیق زاہد چشتی صاحب اس کے روح رواں تھے......اس وقت ہمیں جو نسخہ کسی نے تحفہ میں ارسال فرمایا ہے یہ ۱۹۹۷ کا شائع شدہ ہے ......اس کے ساتھ دو دیگر رسائل حسب ذیل ہیں ۔اسوہ ٔحسنہ از علامہ محمد حشمت علی ، اورازواج مطہرات کے مہر کا بیان، از مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی مترجم ابوحمزہ محمد عبداللہ فہمی صاحب۔

دونوں رسالے لائق مطالعہ ہیں۔بھیجنے والے کو اللہ جزائے خیر عطا فرمائے (آمین)

ہماری سعادت مندی ہے کہ منجملہ دیگر تحائف کے جامعہ مرتضائیہ قلعہ شریف شیخوپورہ سے ماہنامہ المرتضی کے کئی شمارے اور ماہنامہ مہر ورضا شیخوپورہ کے کئی شمارے موصول ہوئے ہیں ......اول الذکر مجلّہ خواجگانِ نقشبندیہ مجددیہ مرتضائیہ کے افکارونظریات کا ترجمان ہے۔اس کے مدیر اعلی صاحبزادہ

مفتی خلیل احمد مرتضائی صاحب ہیں جو بڑے فاضل اور متحرک عالم ہیں ۔استاذ اور مفتی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک خانقاہ اور درسگاہ کے متولی و مہتمم بھی ہیں ......مثنوی شریف سے خاص لگاؤ رکھتے ہیں ......ماہنامہ المرتضی انہوں نے عالم وجد وشوق میں جاری کیا ہے اللہ کرے کہ یہ استقامت کے ساتھ اسے جاری رکھ سکیں کیونکہ ماہ نامہ نکالنا خاصا مشکل کام ہے ابھی ایک ماہ کے رسالہ سے آدمی فارغ نہیں ہوا ہوتا کہ اگلے ماہ کا سر پر سوار ہوتا ہے ......اگر ٹیم نہ ہوتو یہ کام دیگر مصروفیات کے ساتھ جاری نہیں رکھا جاسکتا ......مجلّہ کے لئے وقیع علمی مضامین کا ملنا اور بھی مشکل ہے ۔مجلس ادارت مجلّہ المرتضی سے ہماری گزارش ہے کہ چلتے چلاتے مضامین کی اشاعت کی بجائے خالص علمی مضامین کے حصول کی جدوجہد کریں اور ایسے قلمکاروں سے رابطہ کریں جو نئے موضوعات پر لکھ سکیں ......حلقہ احباب سے رابطہ اور مریدین وطلبہ کی رشدوہدایت کا یہ ایک اچھا سلسلہ ہے ۔رب العزت کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے......(آمین) مجلّہ حاصل کرنے کے لئے درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جاسکتا ہے ۔......جامعہ مرتضائیہ قلعہ شریف ڈاکخانہ ناظر لبانہ ضلع شیخوپورہ......

مجلّہ مہرو رضا جامعہ کنز الایمان برائے طالبات کا جاری کردہ مجلّہ ہے ۔محترمہ ام جمال شیروانی اس کی چیف ایڈیٹر ہیں اور یہ علامہ غلام نصیر الدین نصیر صاحب (استاذ جامعہ نعیمیہ لاہور) کے زیرسرپرستی شائع ہوتا ہے ۔مضامین مختصر اور عوامی ہیں ،اس طرح مجلّہ عوام الناس کے فائدہ اور نفع کی چیز بن گیا ہے ۔خواتین کی جانب سے اسے اپنے حلقہ احباب میں عام کرنے کی کوشش ہونی چاہئے ...... برائے حصول مجلّہ درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جائے :......جامعہ کنز الایمان (برائے طالبات) ظفر ڈار اسٹریٹ ،علوی پارک ،خالد روڈ شیخوپورہ۔

دیگر تحائف میں سابق سینیٹر و معروف مجاہد پارلیمنٹیرین مولانا سمیع الحق صاحب کی دس جلدوں پر مشتمل کتاب خطباتِ مشاہیر کا گرینڈ تحفہ، اور انہی کی کتاب War of Ideology (struggle for peace) کا ان کے گرامی نامہ کے ساتھ موصول ہوا ہے، علاوہ ازیں قومی مرکز برائے مطالعہ سیرت ولائبریری کی شائع کردہ ضخیم کتاب ......دور جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات......جناب ڈاکٹر ضیاء الحق صاحب ڈائریکٹر آئی آر آئی نے عنایت فرمائی ہے......پروفیسر محمد حسین آسی صاحب کے ارشاد پر علامہ محمد عطاء الحق نقشبندی حسینی صاحب کے زیر سرپرستی جناب سید صابر حسین شاہ صاحب بخاری کی مولفہ......(تحفظ ختم نبوت نمبر......ماہنامہ الحقیقہ پاکستان جو قریباً ہزار صفحات پر

مشتمل ہے) موصول ہوچکی ہے۔اسی طرح مجلّہ حکمتِ بالغہ کا خصوصی نمبر (حکمت اقبال ہی نظریہ پاکستان ہے) قرآن اکیڈمی جھنگ سے انجینئر مختار فاروقی صاحب نے بھجوایا ہے جو اڑھائی سو صفحات پر مشتمل ہے۔ جبکہ ملی مجلس شرعی لاہور کی جانب سے درج ذیل تحائف موصول ہوئے ہیں...

☆ شاتم رسول کے ماورائے عدالت قتل پر تمام مکاتب فکر کے ممتاز علماء کرام کا متفقہ شرعی فتوی،

☆ انسداد سود کے حوالہ سے وفاقی شرعی عدالت کی طرف سے اٹھائے گئے ۱۴ سوالات کے مفصل جوابات

☆ فحاشی کی جامع تعریف اوراس کے انسداد کی عملی تجاویز

☆ نفاذِ شریعت کے حوالہ سے تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام کے متفقہ پندرہ نکات

☆ شاتم رسول کو مارنے والے کی سزا کا شرعی حکم

مجلسِ المدینہ العلمیہ کی ایک کاوش ،...... باطنی بیماریوں کی معلومات ،......بھی ہمیں ملی ہے......جس میں باطنی بیماریوں کی تعریفات ، اسباب وعلاج اور دیگر مفید معلومات درج ہیں۔

اور مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب کی کتاب رفیق الصلوۃ کی رفاقت بھی ہمیں حاصل ہوچکی ہے ان تمام کتب کا تعارف انشاء اللہ آئندہ کسی اشاعت میں پیش کیا جائے گا کہ سرِ دست ان کا مطالعہ نہیں کیا جاسکا......اور بغیر مطالعہ کسی کتاب کے بارے میں کچھ لکھنا ؟ مناسب نہیں ......


# SHARIAH LAWS
# (Hudood)

Historical Development with Special Reference to Pakistan
By Prof. Dr. Noor Ahmed Shahtaz

Pages 625　Price Rs. 1,500

Publisher: Sheikh Zaid Islamic Centre
University of Karachi.